نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تعلیم کے فرض کے بارے میں معلومات

نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تعلیم کا فرض

آپ کیلئے نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تعلیم لازمی ہو سکتی ہے

مستقل اقامت کا اجازت نامہ یا شہریت پانے کیلئے آپ پر جن باتوں کا پورا کرنا لازمی ہے، ان میں سے ایک یہ بھی ہو سکتی ہے کہ آپ 300 گھنٹوں کی یہ تعلیم مکمل کریں

- نارویجن زبان (250 گھنٹے) اور
- معاشرتی علوم (50 گھنٹے)

آپ خود تعلیم کا خرچ اٹھانے کے پابند ہیں۔

آپ تعلیم کے فرض سے چھوٹ پانے کی درخواست دے سکتے ہیں بشرطیکہ

- آپ نارویجن یا سامی زبان کا کافی علم رکھنے کا ثبوت دے سکتے ہوں یا
- صحت سے متعلق خصوصی وجوہ یا دوسری اہم وجوہ کی بنا پر چھوٹ مناسب ہو

عملی معلومات

تعلیم کی درخواست، یا اگر آپ تعلیم سے چھوٹ پانا چاہتے ہوں تو اس کی درخواست، دینےکیلئے آپ کو خود اس بلدیہ میں تعلیم بالغاں(voksenopplæringen) سے رابطہ کرنا ہو گا جہاں آپ کی رہائش رجسٹرڈ ہے۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں یا اگر آپ کو آخری تاریخ اور حقوق سے متعلق معلومات درکار ہوں تو تعلیم بالغاں سے رابطہ کریں۔

آپ کو www.imdi.no اور www.udi.no پر بھی معلومات مل سکتی ہیں۔